تسخیر ہمزاد

المعروف

ہمزاد کی حقیقت

0331-8857173

شوکت علی شاکر قادری

عثمان پبلی کیشنز

Ph # 042-7640094 Mob # 0333-4275783

قیمت R,S:210/-

فہرست

پیش لفظ 6
حقیقت ہمزاد 6
عمل ہمزاد 7
ہمزاد کو قابو کرنے کی شرطیں 10
ہمزاد کے نقصان کو دور کرنا 11
ہمزاد کے لئے عمل 12
ہمزاد کے لئے تسخیری عمل 14
ہمزاد کی شکل 14
عامل ہمزاد کیلئے ضروری باتیں 15
تسخیر ہمزاد 19
خاص عمل ہمزاد کیلئے 20
جلالی جمالی نقشہ 23
جلالی ہمزاد 25
جمالی اسماء 25
عمل تسخیر جنات 26
شہنشاہ جنات کو حاضر کرنا 26
عمل حاضرات 28
عمل ہمزاد 30
ہجرت روحانی 32
اطلاع دفینہ خزانہ 33
جنوں کی انگوٹھی بنانا 34
ایک حیرت انگیز عمل 36
ایک عجیب فالنامہ 37
عمل اکسیر اعظم 38
سر درد کا مجرب عمل 39
مقدمہ میں فتح ہوئی 40
ترکیب عمل 41
ترکیب برائے حب 42
فالنامہ رمل 46
اسرار تصوف 47
عمل تسخیر 48
دست غیب 49
سانپ کا مجرب عمل 49
محبت کا تیر 50
ہمزاد کیلئے ضروری ہدایات 51
ہمالہ پربت کا جادو 52
عمل تسخیر ہمزاد 54
علم تسخیر ہمزاد 56
عمل خاص 66
عامل کو تلقین 69
ہدایات ہمزاد 70
ہمزاد سے ہم کیا کام لے سکتے ہیں 75
ہمزاد کیلئے ذریعے سفر 75
ہمزاد کے ذریعے تعلیم حاصل کرنا 76
ہمزاد تسخیر مسخر ہو جائے 77
خواب مقناطیس 79
تسخیر ہمزاد 81

عمل ہمزاد 82
تابع ہمزاد 83
عمل تسخیر 86
عمل تسخیر ہمزاد 87
مسافر کو واپس بلانے کیلئے 92
تدبیر دفع زہر کیلئے 93
بانجھ عورت کے لڑکا پیدا ہونے کیلئے 93
مطلوب حاضر ہوگا 94
غرائب تماشے 94
آگ سے کپڑا نہ جلے 95
پانی میں چراغ 96
دانت آسانی سے نکل آئیں 96
آگ سے فرش نہ جلے 96
ہوا سے آگ پیدا ہو 97
کبھی دھرن نہ ٹلے 97
درد پیٹ دفع ہوگا 98
دوا اثر کرے 99
کھجلی عمر بھر نہ نکلے گی 100
انشاءاللہ لڑکا ہوگا 100
نظر بد کے واسطے 101
نفاق پیدا ہو جائے 102
چوہے کپڑے نہ کتریں 103
مکھن زیادہ نکلے 103
اہل جہاں عزت کریں 104
بھوت چڑیل کا ڈر نہ رہے 104
غلہ میں کرم نہ پڑیں 105
خلل مسان دور ہو 105
تمام دن خوش رہے 105
بچہ ہرگز نہ روئے 106
بواسیر خونی بادی دفع ہو 106
جن دفع ہوگا 107
یرقان دفع ہوگا 107
بھینس دودھ دے 108
بلا تکلیف بچہ پیدا ہو 108
جدائی سے دوستی ہو جائے 109
مطلوب تابع ہو جائے 110
دن کو حروف غائب 111
ابجد کا حساب 111
رنگ اور موکل 112
حروف کا تعلق ستاروں سے 114
ہمزاد 115
نقش حصول رزق 119
جنتر منتر لکھنے کے واسطے 119
سنتوں کا کاٹ 120
طلسمی انگوٹھی 121
انگوٹھی شمس 121
ہدایت نقش لکھنے کی 123
دربار میں عزت ہو 125
دولت زیادہ ہوگی 126
بچہ کا دانت نہ نکلے گا 127

صنف نازک	125
روحص کا بہترین عمل	144
عمل ہمزاد	174
ہمزاد	176
پانچ منٹ میں ہمزاد کو دیکھ لو	177
عمل تسخیر	177
ہمزاد کا تابع کرنا	178
عمل تسخیر ہمزاد	178

ادارے کی دیگر بہترین کتب

شرح ابیات حضرت سلطان باھوؒ قیمت مجلد/=250 کارڈ/=200 مقصود علی آسی	ہمارے قدیم صوفی شعراء جنھوں نے اپنے اشعار میں بڑی گہری سیاسی، سماجی اور مذہبی حقائق کو خوبصورت اور عام فہم انداز میں سمویا ہے۔ یہ صرف انہی کا خاصہ ہے۔ ان کو عام لوگوں تک پہنچانے کے لئے امان اللہ کاظم نے نہایت ہی آسان اور دلنشین انداز میں اردو میں منتقل کیا ہے۔ ان کی لکھی ہوئی کلام باھو کی شرح نہایت ہی دل پذیر ہے۔ جسے ہم بڑی کوشش سے شائع کر کے ایک مستحسن کام کیا ہے۔
شرح کلام بابا فرید شکر گنجؒ قیمت مجلد/=250 کارڈ/=200 مقصود علی آسی	جن صوفیائے عظام نے پاک و ہند کے ظلمت کدوں کو نور اسلام سے منور کیا ان میں حضرت بابا فرید شکر گنجؒ کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ آپ نے اسلامی تعلیمات کو عوام تک پہنچانے کے لئے شاعری کی زبان استعمال کی ہے کیونکہ یہ زبان نہایت ہی موثر ثابت ہوتی ہے۔ کلام بابا فرید کو امان اللہ کاظم نے انہیں نہایت ہی آسان اور دل پذیر اردو شرح کے ساتھ عوام الناس کے لئے پیش کیا ہے۔ کاظم صاحب نے بابا فریدؒ کے کلام کی روح کو نہایت برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔
شرح کلام حضرت شاہ حسینؒ مصنف لیاقت علی ترجمہ امان اللہ کاظم قیمت مجلد/=250 کارڈ/=200	صوفی شعراء میں حضرت شاہ حسینؒ (مادھو لال حسین) کا نام گرامی نہایت ہی ادب کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ آپ کی پہچان عشق حبیب ﷺ حاوی تھا۔ آپ کی کافیوں کا ایک ایک لفظ عشق رسول ﷺ میں ڈوبا ہوا ہے۔ حضرت شاہ حسینؒ سے محبت کرنے والوں کیلئے امان اللہ کاظم کی ان کافیوں کی اردو زبان میں لکھی ہوئی شرح ایک تحفے سے کم نہیں ہے۔ کاظم صاحب نے نہایت ہی خوبصورت انداز میں شرح لکھی ہے۔ آپ کی لائبریری کے لئے یہ ایک خوبصورت اضافہ ہوگا۔
ہیر وارث شاہ (زیر نظر شرح کے ساتھ) امان اللہ کاظم قیمت مجلد/=300 کارڈ/=225	دو سو سال تک لوگوں کے دلوں پر ہیر وارث شاہ نے راج کیا۔ ایک گہری داستان ہونے کے باوجود [illegible] امان اللہ کاظم صاحب نے اردو میں [illegible] ہیر وارث شاہ [illegible] آپ کی لائبریری کی زینت بنے گی۔
شرح سیف الملوک از قلم امان اللہ کاظم قیمت مجلد/=550 کارڈ/=450	حضرت میاں محمد بخشؒ ایک قادر الکلام صوفی شاعر تھے۔ انہوں نے سیف الملوک اور بدیع الجمال کی داستان عشق نہایت ہی عالمانہ اور عاشقانہ انداز میں لکھی ہے۔ اس داستان کے پس پردہ انہوں نے مسائل زندگی اور مسائل تصوف کو نہایت ہی بلیغ اور پیارے انداز میں بیان کیا ہے۔ ان کے اشعار کے ایک ایک لفظ سے عشق رسول ﷺ ٹپکتا ہے۔ امان اللہ کاظم نے ان کے اس حسین انداز کو برقرار رکھتے ہوئے سیف الملوک کی شرح لکھی ہے تاکہ اسے عام لوگوں کی دسترس تک پہنچایا جائے۔

پیش لفظ

حقیقت میں ہمزاد کیا ہے

میرے پیارے محترم بزرگوں! دوستوں، بھائیوں کو شاید یہ معلوم ہوگا کہ لوگوں کا ہمزاد حقیقت کے بارے میں الگ الگ خیال ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہمزاد ہر وقت انسان کے ساتھ رہتا ہے اور ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور ساتھ ہی مرتا ہے۔ بعض لوگ اس کو شیطان بھی کہتے ہیں۔ ہمزاد کے معنی ساتھ رہنے والے ہیں اور یہ ایک سایہ ہے۔

یہ انسان کو برے کاموں میں لگاتا ہے اور نیک کاموں سے روکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمزاد کی وجہ سے انسان گناہ کرتا ہے۔ اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ انسان مر جاتا ہے تو یہ پھر بھی زندہ رہتا ہے اور انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ اس کو لوگ عبور کہتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمزاد کا جسم انسان کا سایہ ہے اور یہی سایہ جب کسی اور شکل میں جاتا ہے بات چیت کرتا ہے، چلتا پھرتا ہے اور مرنے والے کا ہمزاد مرتا نہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہمزاد مرنے والے کا نہیں ہوتا بلکہ کسی کا ہمزاد اس کے مرنے میں داخل ہو کر کام کاج کرتا ہے۔ معلوم تو یہ ہوتا ہے کہ ہمزاد کا جسم ضرور ہے خواہ کسی بھی شکل میں ہو۔

ہمزاد مختلف طاقتیں اور اختیارات رکھتا ہے جیسے کہ جس طرح کوئی کام کرتا ہے ویسا ہی اختیار رکھتا ہے اور یہ کوئی ضروری نہیں کہ ہر آدمی کا ہمزاد ایک علیحدہ قوت رکھتا ہو۔ ہر کام کرنے کیلئے خاص اثر رکھتا ہو۔

عمل ہمزاد

جب کوئی انسان مر جائے اس کے پیچھے جائے جب دفن کرنے لگیں اس کے سرہانے بیٹھ کر منتر کو 160 دفعہ پڑھیں۔ چپ چاپ واپس آجائے۔ کسی سے کوئی بات نہ کریں اور نہ ہی پیچھے مڑ کر دیکھیں پھر گھر آ کر رات کو دو روٹیاں پکائے شرط یہ ہے کہ پاک صاف ہو، ایک روٹی پر گھی لگا کر اور شکر رکھ کر رات بارہ بجے لے جائے اور قبر کے سرہانے بیٹھ کر 160 مرتبہ منتر کو پڑھے۔ ختم ہونے کے بعد اس کا ہمزاد نکلے گا اور کہے گا روٹی دو تم کہو چلو روٹی گھر دیں گے۔ تم اس روٹی کو صندوق میں بند کر کے رکھ دو۔ جب تک روٹی تمہارے قبضہ میں رہے گی وہ ہمزاد تمہارے قبضہ میں رہے گا اور منتر پڑھنے پر حاضر ہوا کرے گا۔

منتر: اونا جونا سننے

ہمزاد انسان کا سایہ ہے

دراصل ہمزاد وہ شکل ہے جو انسان کے خیال میں گزرتی ہے اور یہ انسان کا سایہ ہے جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور جب انسان مرتا ہے تو یہ بھی فنا ہو جاتا ہے۔ یہ سایہ انسان کی شکل بن کر تصور جوہر کے اندر سے باہر کی طرف نکل کر انسان کو اپنے دو بدو دکھائی دینے لگتا ہے۔ عملیات کے ذریعے تسخیر ہو کر نوکر کی طرح خدمت گزاری کرتا ہے اور جو کام کہو تو وہ کرنے لگ جاتا ہے۔ ہمزاد کو کلام الٰہی سے مسخر کیا جاتا ہے۔ مسخر ہونے کے بعد عمر بھر جدائی پسند نہیں کرتا۔ عام لوگوں سے زیادہ جو لوگ نمازی پرہیزگار ہوتے ہیں جلد تسخیر ہو جاتا ہے اور پھر اس سے کام لیے جاتے ہیں۔ کوئی چیز منگوا لینا، کسی مشکل سوال کا جواب معلوم کرنا، بیماروں کے متعلق معلوم کرنا وغیرہ۔ لیکن یہ بات یاد رہے کہ ہمزاد سے نیک اچھے کام لینے چاہئیں۔ برے کام نہ لینے چاہئیں اگرچہ برے کام کر تو دے گا مگر بعد میں یہ تمہارا جانی دشمن بھی بن سکتا ہے۔ عامل کو چاہیے کہ ان باتوں کا بہت خاص خیال رکھے۔

ہمزاد کو دیکھنے کا طریقہ

اگر آپ کو ہمزاد دیکھنے کا بڑا شوق ہے تو یہ عمل کر کے دیکھیں بڑا مجرب ہے۔ ہمزاد آپ کے سامنے آ جائے گا جس کو آپ ضرور دیکھیں گے۔

ترکیب: یہ مکان جس کو سفیدی کرائی جائے اس میں بیٹھ کر پشت میں ایک چراغ جلا کر

رکھیں اور سایہ گردن کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھیں۔ اور یہ عمل پڑھے جائیں۔

اوم ہو ھمنے

ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اس کے بعد کسی سے گفتگو نہ کریں اور سو جائیں۔ صبح آٹھ بجے دھوپ میں کھڑے ہو کر سایہ کو دیکھ کر ۱۱ مرتبہ آجاوے خود دکھلا جاوے پڑھ کر نظر آسمان کی طرف اٹھائیں۔ ہمزاد سامنے آجائے گا۔

چار مسلک

ہمزاد کو تسخیر کرنے کیلئے چار طریقے اور چار مسالک کے لوگ اپنے قدیمی طریقوں سے تسخیر کرتے ہیں لیکن ان چاروں طریقوں میں سب سے اہم اور بہترین صوفیا کرام کا طریقہ ہوتا ہے۔ جو ہمزاد اولیاء اکرام کے قبضہ میں ہوتے ہیں وہ طاقت کے لحاظ سے سب سے اعلیٰ ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کو مختصر بیان کرتے ہیں۔

مسلمانوں کا مسلک عوام

صوفیا کرام کا مسلک خواص

طلسمات والوں اور یونانیوں کا مسلک

ہندوؤں کا مسلک

مسلمانوں کا مسلک

عام مسلمان لوگوں کا نظریہ ہمزاد کے متعلق درست اور ٹھیک نہیں ہے۔ یہ لوگ ہمزاد کو مانتے تو ہیں مگر اس پر غور نہیں کرتے کہتے ہیں کہ ہمزاد انسان کے ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن ایسے لوگ بھی ہیں جو ہمزاد کی ماہیت کو سمجھتے ہیں اور اس سے فائدے لیتے ہیں۔

ہمزاد کی چار قسمیں

ہمزاد کی تصویر تو ہر مذہب میں کسی نہ کسی صورت میں ضرور ہے اور کوئی مذہب ایسا نہیں ہے جو اس کو نہیں مانتا۔ بہر حال ہمزاد کو کسی نہ کسی صورت میں مانا ہی جاتا ہے۔ ہمزاد کی مجموعی طور پر چار قسمیں ہوتی ہیں۔

آبی ہمزاد

آبی ہمزاد پانی میں بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر عمل کرتا کہ سر بھی باہر نہ نکلے۔ اتنے روز

پانی میں ہی گزارنے ہوں آبی ہمزاد کہلاتے ہیں۔

خاکی ہمزاد

خاکی ہمزاد مٹی کی تسبیح بنا کر عمل کرتا ہے۔ اندھیرے میں عمل کرتا، مٹی پر نظر جما کر عمل کرتا ہی کہ جس عمل میں آگ پانی ہوا کا دخل نہ ہو تو آبی ہمزاد کہلاتا ہے۔

بادی ہمزاد

بادی ہمزاد ایسے عمل کو کہتے ہیں کہ ہوا میں نظر جما کر پڑھے جاتے ہیں یا دھوپ میں سایہ پر نظر جما کر بعد آسمان پر دیکھنا ہوتا ہے اور آسمان کے سایہ کو نیچے اتارنا ہوتا ہے بادی اعمال ہمزاد ہیں۔ ہوا کا خاص دخل ہوتا ہے۔

آتشی ہمزاد

آتشی ہمزاد کا عمل چراغ جلا کر پشت پر رکھ کر کیا جاتا ہے یا پھر سورج کو دیکھ کر کیا جاتا ہے۔ آگ پر نظر رکھ کر چراغ یا کونوں پر نظر رکھ کر یعنی ہر آتشی ہمزاد کے عمل کیلئے آگ کو خصوصی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔

صوفیا کرام

صوفیا کرام پاکیزہ لوگ ہیں جنہوں نے ریاضت و مجاہدات سے اپنے نفس پر قابو پالیا اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے قرب حاصل کر لیا ہے تو بہت سی پراسرار قوتیں ان کے تابع ہو گئیں تو انہوں نے باطنی قوتوں کو تسخیر کرنے کے طریقے وضع کر دیے جس سے دنیا فائدہ اٹھا رہی ہے۔ دراصل ان کے ظاہری حواس خمسہ کیساتھ ساتھ باطنی حواس بھی بہت فعال تھے ان لوگوں میں روحانیت تھی جو فطری تھی اور قدرت کاملہ کی قوت بھی ان کیساتھ تھی۔

قدیمی مسلک

زمانہ قدیم میں انسان میں ظاہری پختگی تو ضرور تھی مگر باطنی طور پر زمانہ کی گرد سے صرف محفوظ تھا۔ زمانہ قدیم میں انسان میں فطری صلاحتیں موجود تھیں اس وقت بھی پراسرار قوتیں تسخیر ہو جاتا کرتی تھیں۔

ہندو مسلک

یوں تو ہندوؤں کا مذہب بہت پرانا ہے لیکن ان میں بھی دو گروہ ہیں۔ ایک گروہ پنڈت کہلاتا ہے جو مذہبی رہنما ہوتے ہیں اور مندروں میں ہوتے ہیں اور دوسرا گروہ

سادھوں کا ہے جو کہ دنیا چھوڑ کر جنگلوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں ان کا بھی آپس میں اختلاف ہے۔ ہمزاد کے قائل دونوں ہی گروہ ہیں ایک گروہ گندی روحوں میں شمار کرتا ہے اور اس کے بھگانے کا پاٹھ کرتا ہے اور دوسرا ہمزاد کو خبیث روح کہتے ہیں اور منتروں سے اس کا تدارک کرتے ہیں۔

ہمزاد کی قسمیں

ہمزاد کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ ہمزاد کی ایک قسم جسم لطیف کی ہے۔ جسم خاکی ہے جو آنکھ سے خالی نظر آتا ہے یا پھر یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ روح ہے جو اس جسم خاکی کے اندر معتبر ہے ایک انسان جو روحانیت رکھتا ہو اس کے اندر اتنی طاقت موجود ہوتی ہے کہ وہ آسانی سے نقل مکانی کر سکتا ہے۔ بعض ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچ سکتے ہیں لیکن یہ ناممکن سی بات معلوم ہوتی ہے لیکن اگر انسان کوشش کرے تو سب کچھ ممکن ہو سکتا ہے لیکن آجکل کے دور میں سائنس نے بہت ترقی کی ہے جو سائنسی اور فلاسفر لوگ ہیں وہ نہیں مانتے۔ لیکن ہم کہتے ہیں کہ یہ ممکن ہے جو شخص روحانی قوت رکھتا ہے اگر اسے کسی مکان میں مقید کر دیا جائے تو وہ اپنے آپ کو وہاں سے نکال سکتا ہے لیکن مادی جسم باہر نہیں نکل سکتا۔

دوسری قسم جس کو خیالی کہا جاتا ہے اور روپ بھی کہتے ہیں۔

اصلیت اس کی اسی طرح سے ہے کہ عامل روحانی قوت رکھنے والا اپنی قوت ارادی سے اپنے مختلف جسم لوگوں کو دکھا سکتا ہے۔ تو اس میں اور اصل جسم میں تمیز نہیں ہوتی اس طرح ایک ہی وقت میں کئی مقامات میں موجود ہو کر مختلف لوگوں سے گفتگو کر سکتا ہے۔

اسی طریقے سے عامل نظر بندی کر کے ایک چیز کو مختلف شکلوں میں دکھا سکتا ہے۔

ہمزاد کو قابو میں لانے کیلئے شرطیں

درج ذیل شرطیں یہ ہیں۔

ہمزاد کو قابو میں لانے والا خوبصورت ہو۔

لنگڑا اپاہج وغیرہ نہ ہو۔

دماغ درست ہو، کسی قسم کی خرابی نہیں ہونی چاہیے۔ بیہوشی نہ ہوئی ہو اور کسی بھی قسم کی دماغی تکلیف نہ ہو۔

ہمزاد کو قابو میں لانے والا اندھا نہیں ہونا چاہیے ورنہ وہ ہمزاد کو قابو میں نہیں لا سکتا۔

دوسری شرط

مردانگی طاقت زیادہ خراب نہ ہوئی ہو۔

بواسیر وغیرہ کی وجہ سے خون جسم سے خارج نہ ہوتا ہو۔

مریض اختلاج خفقان میں مبتلا نہ ہو۔

غم و فکر نہ رکھنے والا ہو۔

پینتالیس برس سے زائد عمر نہ ہو۔ جسمانی طاقت کمزور نہ ہو۔

تیسرے یہ کہ ہمزاد سے جو نقصان ہوتے ہیں غم وغیرہ میں دنیا دور تو نہیں ہو سکتے لیکن تھوڑی بہت کمی ہو سکتی ہے لیکن وہم شک کسی صورت میں نہیں جا سکتا۔

ہر ہمزاد کے نقصانات کو دور کرنا۔

ہر روز صبح و شام ایک سو ایک مرتبہ دل کو یکجا کر کے پڑھے اس کے شروع کرنے سے پہلے نہا دھو کر صاف ستھرے ہو کر پڑھنا چاہیے۔

ہندوؤں کا خاص منتر یہ ہے۔

اوم سوام ہرانگ ہری مار کر شو گرد سواہا۔

ترکیب یہ ہے۔ رات کو بارہ بجے نہا دھو کر سو بار پڑھ لیا کرے۔ امید ہے نقصان میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔

تسخیری قوانین اور درجات

تسخیری قوانین کے تحت تسخیر ہمزاد، تسخیر جنات، تسخیر ملائکہ، تسخیر پریاں، تسخیر دیوتا، تسخیر بھوت، تسخیر شیاطین وغیرہ سب ممکن ہے لیکن اس کے لیے چند ہدایات اور مخصوص طریقوں پر عمل کرنا بہت ضروری ہے۔ اگر درج ذیل تسخیری قوانین کو ذہن نشین کر لیا جائے تو ضرور کامیاب ہو سکتے ہیں لیکن اس کی تفصیلات بہت لمبی چوڑی ہیں لیکن میں یہاں اشارتاً درج کر رہا ہوں جسے آپ شاید آسانی سے سمجھ سکیں گے۔

1- درجہ قوت ارادی

2- درجہ دفع خطرات

3- درجہ طہارت ظاہری و باطنی

4- درجہ مطلوب شے

5- درجہ روشنی سے بچنا

6- درجہ لوازمہ بشریہ کو کم کرنا

7- شوروغل سے بچنا

8- درجہ مجمع ہمت

9- مناسب عمل ورد

ہمزاد کیلئے عمل

جب نیا چاند دیکھے اسی دن یہ عمل شروع کردے۔ چاند پر نظر جمائیں۔ اگر کسی دن چاند بادل ہونے کی وجہ سے نظر نہیں آتا تو آسمان پر نظر جما کر عمل پڑھیں اور تصور کریں کہ چاند سامنے ہے۔ عمل ایسی جگہ پر کرنا چاہیے کہ جہاں چاند صاف طور پر دکھائی دیتا ہو عمل تنہائی میں ہونا چاہیے تو دوسرا آدمی پاس نہ ہو۔

ایک پاؤ سرسوں کا تیل بوتل میں ڈال کر اپنے پاس رکھیں اوپر سے بوتل بند ہونی چاہیے اور یہ بوتل آپ کے پاس ہو۔

روزانہ ایکسو ایک مرتبہ یہ عمل پڑھا کریں۔ روزانہ اکیس دن پڑھنا ہے۔ اس دوران ہمزاد حاضر ہو جائے گا۔ (ضروری ہدایت) آپ اس سے کوئی بات نہ کریں۔ بوتل کو کھول کر اس کے سامنے رکھ دیں۔ ہمزاد تیل پی لے گا اور بس پھر وہ تمہارا تابع ہو جائے گا۔ جب تک ہمزاد حاضر نہ ہو عمل ختم کر کے اس تیل پر پھونک مار دیا کریں اور حفاظت سے رکھ دیا کریں۔

عمل یہ ہے: چاند اور چکور جنگل میں ناچے، مور مورا ہمزاد آوے کوئی نہ بچاوے شور۔

اگر اکیس دن تک ہمزاد حاضر نہ ہو تو عمل کو ختم کر دیں۔

روح کے دو حصے ہوتے ہیں۔

1- روح جمادی 2- روح نباتی

انسان کے اندر مختلف غیبی لطیف حصے ہوتے ہیں نفس کے لطیف اسود باطنی
الگ ہوتے ہیں۔ اسی طرح
قلب ملکوتی۔ جسے الگ ہیں

روح۔ کے روحانی الگ ہیں۔

سرخفی۔ لطیف غیبی حصے ہوتے ہیں۔

علم روحانیت: ان میں بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جن میں فطری اور پیدائشی طور پر لطیفہ زندہ ہوتا ہے جسے واسطہ کہتے ہیں۔

واسطہ کے جنے پر ایک غیبی روح مسلط ہوتی ہے جسے ہم ہمزاد کہتے ہیں ہر انسان کے ساتھ شیطان پیدا ہوا ہے۔

روحانی لوگ۔ طرح طرح کے ان سے کام لیتے ہیں لوگوں کو ماضی اور مستقبل کے حالات بتائے جاتے ہیں۔ بعض واسطہ روحوں کو حاضر کرتے ہیں اور ان سے ہم کلام ہوتے ہیں۔ کبھی تو روح عامل کی زبان بولتی ہے اور کبھی کبھی ڈائریکٹ کلام کرتی ہے۔

پرہیز

عام طور پر لوگوں کا جسم دو طرح کا ہوتا ہے۔

اول جلالی اعمال۔ جلالی اعمال میں جلالی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہوتا ہے۔ گوشت کم کھائیں۔ اتنا کھائیں جو صحت کو برقرار رکھ سکے۔ اس طرح سے نہ کھاؤ کہ جانوروں کا قبرستان بنالو۔

دوئم جمالی اعمال۔ جمالی اعمال سے پرہیز ضروری ہے۔

مثلاً کچا لہسن، پیاز وغیرہ جو کہ عامل کے منہ سے بدبو پیدا ہوتی ہے جو کہ روحانیت کو پسند نہیں ہے اور روحانی مخلوق اس سے متنفر ہوتی ہے اور پھر یہ۔ یہ چیزیں محرک باہ جنس شہوات کو تیز کرتی ہیں۔ خون میں گردش پیدا ہوتی ہے اور خیالات جنم لیتے ہیں۔ یکسوئی ختم ہو جاتی ہے اور عمل نا کام ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔

نیک لوگ

نیک لوگ مرتے نہیں بلکہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو جاتے ہیں۔ عارف باللہ جو ہوتا ہے اس کے وجود کے 9 حصے ہوتے ہیں جس سے باہر اور 4 حصے نفس کے۔

1- جسم نفس امارہ۔ 2- جسم نفس لوامہ۔ 3- جسم نفس ملہمہ۔ 4- جسم نفس مطمئنہ

قلب کے تین حصے ہوتے ہیں۔

جسم قلب سلیم، جسم قلب منیب، جسم قلب شہید۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور عقل سلیم عطا فرمائی ہے۔

انسان اس عقل کی وجہ سے ہی ہر چیز کو اپنے زیر اثر لا سکتا ہے۔ چاہے بڑی سے بڑی مشکل چیز کیوں نہ ہو انسان اگر مصمم ارادہ کرلے تو ہر چیز تابع ہو سکتی ہے۔ ہمزاد کو اگرچہ تسخیر کرنا بہت مشکل ہے مگر انسان کے آگے کوئی چیز مشکل نہیں ہے لیکن عام طور پر دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ چیزیں راستوں میں بڑی آسانی سے مل جاتی ہیں لیکن ایسا نہیں ہے اس کیلئے سخت مشقت کرنی پڑتی ہے۔

ہمزاد کیلئے تسخیری عمل

اس کیلئے چند ایک شرائط درج کی جا رہی ہیں جن پر عمل کرنا بہت ضروری ہے ورنہ یہ عمل بیکار ہو جائیگا۔

عامل کا عقیدہ پختہ ہونا چاہیے اور خدا پر مکمل بھروسہ کرنا چاہیے۔

ترکیب:۔ نوچندی جمعرات سے چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات آئے اس عمل کو شروع کریں۔

ایک پیالہ لیں اس میں سرسوں کا تیل ڈال دیں اور روئی سے بتی ڈالیں جگہ بالکل صاف ہو۔ اس جگہ پر کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو۔ چراغ جلا کر اپنی پشت پر رکھو کہ تمہارا سایہ تمہارے سامنے پڑے۔ اپنے سایہ کو غور سے دیکھو اور عمل پڑھتے ہوئے قصداً ہلتے رہو تا کہ سایہ بھی حرکت کرے۔ متحرک سایہ پر نظر جماتے ہوئے اس عمل کو روزانہ ساٹھ مرتبہ پڑھو۔ پرہیز:۔ ہر قسم کا گوشت، پیاز اور لہسن نہ کھایا جائے۔

ہمزاد کی شکل

کہتے ہیں کہ ہر ہمزاد اس شخص کی شکل کا ہی ہوتا ہے۔ یعنی نام بھی وہی اور صورت بھی وہی ہوتی ہے اور حرکات و سکنات بھی وہی ہوتی ہیں لیکن صرف فرق یہ ہے کہ اختیارات بالا ہوتے ہیں۔ جب تابع ہو جاتا ہے تو ہم ان اختیارات سے حاصل کرتے ہیں۔

یہ عمل خاص بزرگ کا ہے۔

اپنے نام کے آگے لفظ بڑھا کر اس کے آگے یہ جملہ بڑھاؤ۔

اگنی جلاؤں دھو یا رات مورا ہمزاد آوے اور مانے بات۔

ترکیب:۔ رات کو بارہ بجے بند کمرے کے اندر جہاں روشنی نہ ہو اور نہ ہی کوئی دوسرا شخص ہو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھا کریں۔

آنکھیں کھلی رکھیں۔ بیٹھ کر پڑھیں یا چل کر کوئی پابندی نہیں ہے۔ پرہیز بھی کوئی نہیں ہے۔ اکیسویں دن ہمزاد حاضر ہو جائے گا۔ مگر عمل اکیس دن کریں۔ ہمزاد تابع ہو جائے گا۔ اس سے کام لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے ہمزاد حاضر نہ ہو تو دوبارہ عمل کریں۔ سہ بار بھی عمل کر سکتے ہیں۔

ہمزاد اور کواکب

ہمزاد کا عمل شروع کرنے سے پہلے سیارگان کا بھی معلوم ہونا ضروری ہوتا ہے۔

اعمال ہمزاد کی ناکامی کی وجہ یہ بھی ہے کہ لوگوں کو ایک پر نظر رکھ کر عمل کی ابتداء نہیں کرتے اور انہیں وقت کا استخراج صحیح نہیں آتا۔ اس لیے عمل درست نہیں ہو پاتا۔ دراصل اعمال کی اقسام میں سے تسخیرات کے اعمال سب سے اعلیٰ ہوتے ہیں اور وہی لوگ اس میں کامیاب ہوتے ہیں جو دوسرے اعمال میں کامیاب ہو چکے ہوں لیکن یہاں پر کسی کو اس کی اونچ نیچ کا پتہ نہیں ہوتا اور ہمزاد کی طلب کرتا پھرتا ہے۔ بعض اعمال ہمزاد میں تو خاص طور پر وقت کا تعین ہوتا ہے مگر بعض اعمال میں کوئی یقین نہیں ہوتا اور بعض میں صرف نوچندی اتوار یا جمعرات ہوتی ہے اور ہم جن تاریخوں اور دنوں کا تعین کریں ان کو سامنے رکھ کر عمل کریں ورنہ نتائج صحیح برآمد نہ ہوں گے۔ ماہر علم نجوم سے مدد لیں یا پھر آپ کو استخراج آتا ہے تو خود کریں۔ استخراج نہایت احتیاط سے کرنا چاہیے۔

ان اعمال کے سوا جن کی تاریخ مقرر ہو اگر کسی عمل کی تاریخ مقرر نہ ہو تو آپ دیکھیں چاند ہے یا جانا، جس وقت کا عمل ہو اسی کی مناسبت سے تو تاریخ قمری لکھ رہے ہیں۔ ان پر عمل کریں۔

عامل ہمزاد کیلئے ضروری باتیں

1۔ عامل جھوٹ بولنا ترک کردے اور سچ بولے چاہے کچھ بھی ہو۔ عمل اثر پذیر ہوتا ہے۔

2۔ عامل اگر وعدہ کرے تو ہر حالت میں پورا کرے وعدہ خلافی ہرگز نہ کرے۔ ورنہ ہمزاد تابع نہ ہوگا۔

3-نماز کو اپنے اوپر لازم کرے اور تمام فرض اور نفل نمازوں کا پابند ہووے۔

4-عامل خوراک کم کھائے، کم سوئے اور کم بولے۔

5-عامل بیہودہ گفتگو نہ کرے اور بیہودہ خیالات ذہن میں نہ لائے اور ذہن میں یہ رکھے کہ

میں ہمزاد کو قابو میں لا رہا ہوں۔

6-عامل کی قوت ارادی بہت مضبوط ہونی چاہیے اگر آپ کی قوت ارادی مضبوط ہے تو آپ

ہر چیز پر حاوی ہو سکتے ہیں۔

ہمزاد کے مختلف زبانوں میں نام

انگریزی زبان میں	Twin Angel اور ڈبلی کیٹ کہتے ہیں
عبرانی زبان میں	طیف کہتے ہیں۔
عربی زبان میں	قرین ہمزاد کہتے ہیں۔
سنسکرت زبان میں	سایہ کہتے ہیں۔
فارسی زبان میں	ہمزاد کہتے ہیں۔
اردو زبان میں	ہمزاد کہتے ہیں۔
صوفیا کرام	روح حیوانی۔ جسم لطیف کہتے ہیں۔

وجود ہمزاد

زوج:۔ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی دو یا جوڑا کے ہیں۔ زوج بیوی کو بھی کہتے ہیں۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

ولقد خلق الزوجین الذکر والانثی

ترجمہ:۔ وہی پیدا کرتا ہے زوجین مذکر و مؤنث۔

قرآن مجید میں زوجین کی شرح کی گئی ہے کہ جوڑا سے مراد مذکر مؤنث ہے۔ اللہ

تعالیٰ نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے۔ اگر انسان کا ظاہر ہے تو باطن بھی ہوگا۔ جسم کثیف کا جسم

لطیف بھی ہوگا اور جسم اصل کا کوئی مثیل ہوگا۔ جو جسم مثالی کہلاتا ہے۔ اصول کے تحت اگر جسم

ظاہر ہے تو جسم باطن بھی ضرور ہوگا۔ تو اس طرح سے ثابت ہے کہ ہمزاد کا وجود ضرور ہے۔

ہر زمانہ میں جس طرح سے دہریت کا زور رہا ہے اسی طرح ہر زمانہ میں

روحانیت کا بھی بڑا زور رہا ہے۔

روحانیت:۔ ایسا علم ہے اگر سمجھ میں آجائے تو اس کے ذریعے انسان قرب الٰہی

حاصل کر سکتا ہے۔ روحانیت ہر زمانہ میں کسی نہ کسی علوم میں ہر زمانہ میں منظر عام پر رہی

ہے۔ چند ایک کا ذکر گوش گزار کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

علم تصوف، علم نجوم، علم الاعداد، علم رمل، علم عملیات، علم تسخیرات۔

تسخیرات کی بھی مختلف اقسام ہوتی ہیں:۔

تسخیر ملائکہ، تسخیر ارواح، تسخیر افلاک، تسخیر ہمزاد، تسخیر جنہ وغیرہ ہیں۔

آج کل لوگ ہمزاد میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں یہ بھی تسخیرات کا ایک شعبہ ہے۔

حصار

حصار اس دائرے کو کہتے ہیں جس کے کرنے سے انسان عمل کے اثرات سے

محفوظ رہ سکتا ہے اور بیرونی غیبی عملوں سے بچ سکتا ہے۔

حصار کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ اگر عمل کے مؤکلات طاقتور ہوں تو حصار کے کمزور

ہوں تو پھر حصار کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ بعض ایسے نقصان دینے والے عمل بھی ہیں جن کیلئے

حصار کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔

حصار بدنی

آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ سورہ جن کو تین بار پڑھ کر

پورے جسم پر پھونک ماریں۔

سورہ مزمل کو پندرہ بار پڑھ کر جسم پر پھونک ماریں۔

یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل

ان اسماء کو دو سو بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

مکان کا حصار

بعض اعمال اتنے سخت ہوتے ہیں کہ عامل کو بدنی حصار اور مکان کا بھی حصار کرنا

پڑتا ہے اگر وہ ایسا نہیں کرے گا تو طاقتیں مکان گرا سکتی ہیں۔ عمل میں رکاوٹ پیدا کر کے

ناکام کر دیتی ہیں۔ اس لیے یہ بہت ضروری ہوتا ہے کہ مکان کو حصار کر لیا جائے۔ اس کیلئے

صرف دو عمل درج کیے جا رہے ہیں۔

سورہ جن کو چار عدد لوہے کے کیلوں پر پڑھے، ہر کیل پر پانچ بار پڑھے اور مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔

الو کی پسلی کی چار ہڈیاں لے کر ہر ہڈی پر دو سو بار دم کریں اور ان ہڈیوں کو ہاتھ میں لیکر مکان کے ارد گرد سات چکر لگائے یا پھر مکان کے اندر ہر طرف گھوم کر سات چکر لگانے کے بعد ہڈیاں ہر کونے میں دفن کر دے یہ بہت ہی بڑا اور سخت حصار ہے۔

ھلاھو کس تحخم تسجم

ہمزاد مختلف قسم کی طاقتیں رکھتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح کا کوئی کام کرے گا ویسا ہی اس کو اختیار حاصل ہوتا ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر ہمزاد ایک الگ طاقت رکھتا ہو ہر کام میں ایک خاص اثر رکھتا ہے۔

ہمزاد کا کام یہ ہے کہ ہر جگہ کا پتہ دینا اور جو کام وہاں پہ ہو رہا ہو اس کی اطلاع دینا جس قدر آدمی وزن اٹھا سکتا ہے کی اس کی چیزیں لاتا۔

دوسرے ملکوں کی چیزیں لانا جو کہ دوسرے ملک میں نہ ہوں۔ میاں بیوی میں محبت پیدا کر دینا اور اس کے ہمزاد کو ورغلا کر فساد کرا دینا۔ حکم ملنے پر کسی کے گھر میں اینٹیں پتھر پھنکوا دینا۔

کسی دوسری جگہ کی خبر لانا اور اطلاع دینا، چھوٹی چھوٹی چیز میں قیمت دے کر لانا، چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچا دینا۔

یا ایک شخص کی آواز عامل کو ہمزاد کے ذریعہ معلوم ہو سکتی ہے۔ اپنے آباؤ اجداد کا حال معلوم کرنا۔ ہمزاد زندگی میں کاموں کو روکتا ہے اور کوئی کام ہونے نہیں دیتا اور خیالات کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور جب اس کا دل مرجاتا ہے اس کے منہ میں نجاست ڈال دیتا ہے اور بعض آدمیوں کے جسم میں حلول کر جاتا ہے۔

ہمزاد انسان کو چوری کرنے پر آمادہ کرتا ہے اور ہر وقت فکر میں ڈالے رکھتا ہے۔ برائی کے اثرات پیدا کرتا ہے اور ہر قسم کی خوشی سے روکتا ہے۔ انسان کو دلیر بناتا ہے اور گندہ رکھتا ہے۔

دراصل روح اور ہمزاد میں مقابلہ ہے۔ عامل کہتا ہے کہ زندگی کو سدھارو مگر ہمزاد کہتا ہے کہ جس طرح اس نے مجھ پر حکومت کی ہے جس کا میں اس سے بدلہ لوں گا۔ خواہ

ہمزاد کے مرنے کے بعد عامل پر قابو نہیں پا سکتا۔ مگر اس کو پریشانی و غم میں ڈال دیتا ہے اور ہر وقت موت سے ڈراتا رہتا ہے اور خود عام طور پر برے خیالوں میں پھنسا دیتا ہے لیکن ایسے لوگ دوسروں کو فائدہ پہنچاتے ہیں اور اپنی زندگی خراب کر لیتے ہیں جن سے ان کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔

ان میں بعض خرابیاں ایسی ہیں جو دور کی جا سکتی ہیں مگر تھوڑی بہت کسر باقی رہ جاتی ہے۔ اگر ہمزاد کو کچھ دیے بغیر چھوڑ دیا جائے تو وہ خود بخود خبر بھی دیتا رہتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ایسی حالت میں ہمزاد کو ایسی چیز جو کہ آپس میں بمشکل سے جدا نہ ہو سکے دے اور وہ بڑی مشکل سے دیر تک اس کو جدا کرتا رہتا ہے اور اتنے عرصہ میں اور کوئی کام جو اس کے سپرد ہو سکتا ہو مرتے وقت تکلیف ضرور ہوتی ہے۔ اس لیے مناسب ہے کہ مرنے سے پہلے ہمزاد کو آزاد کر دیا جائے اور اللہ کی عبادت کرے اور کیے گئے کاموں کا ازالہ ہو سکے۔ رات کو الٹا پاجامہ پہنے اور یاد نہ کرے اور کسی بڑے درویش کے مزار سے فیض حاصل کرے۔

پہلے چلہ میں تم حرکت کرو گے میں سایہ ساکت رہے گا۔

دوسرا چلہ میں احساس ہونے لگے گا کہ کوئی دوسری چیز ہے۔

تیسرے چلہ میں ہمزاد سامنے آ جائے گا۔

اس سے لو کوئی شے اپنی تم کو دیدے گا جب وہ شے تمہارے پاس ہے ہمزاد تمہارے تابع فرمان ہے۔ جب تیل بتی ختم ہو جائے کرے اور تیل بتی ڈال دیا کریں۔

عمل پڑھنے کا وقت۔ رات بارہ بجے سے صبح کی نماز تک ہوتا ہے۔

شرط:۔ ان عملیات کو شروع کرنے سے پہلے اس سے اجازت لینا ضروری ہے۔

تسخیر ھمزاد

یاقوم ھمزادی باذن اللہ تعالیٰ

احضرو احضرو احضرو

اس عمل کو نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء کریں۔

ایک مکان صاف ستھرا ہوا اور اکیلا ہو اس میں خوشبو جلائیں۔

پھر پشت میں ایک چراغ جلائیں۔ چراغ میں سرسوں کا تیل اور خوشبو ڈالیں۔ غسل کریں۔ وضو بھی کریں۔ پھر کھڑے ہو کر عمل کو دو ہزار اکیس بار پڑھیں۔

اور دن کو ظہر کے بعد الگ کسی ویران مقام پر کھڑے ہو کر سایہ پر نظر جما کر تعداد اور پلک نہ جھپکائیں یہ عمل پڑھتے رہیں اگر پلک جھپکائیں تو نظر آسمان پر کر لیا کریں۔ رات دن ہمزاد کا ہی تصور رکھیں۔ دن والا عمل آدھا گھنٹہ کریں اور اکیس یوم تک کریں۔

خاص ہدایت برائے عامل۔ عامل عمل کے دوران سونا بند کر دے یا بہت کم سوئے۔ عامل کا نیند کا وقفہ چوبیس گھنٹوں میں سے صرف چار گھنٹے ہو جو عمل کے ایام پورے ہونے تک دو گھنٹے تک پہنچ جائے بلکہ اس سے بھی کم ہو۔

بندہ کو چاہیے کہ قلبی ذکر کرے یا ہمزاد بائیں طرف یا ہمزاد دل پر ضرب لگائیں لگائیں اس طرح سے بیس منٹ تک ذکر کریں۔

عصر کے بعد ذکر بہتر ہے۔ ہمزاد کو یاد رکھا کریں۔

خاص عمل

ہمزاد کیلئے عمل

رات کی تاریکی میں ایک بند کمرے میں بیٹھو جس میں روشنی نہ ہو صرف موم بتی جلائیں۔ ایک سفید کاغذ پر اوم برھمنے اس کاغذ کو اپنے سامنے رکھو جب سانس اوپر کو لو تو کہو اوم اور جب سانس باہر نکلے تو کہو برھمنے۔ بس اسی طرح پڑھتے رہو۔ نظر کاغذ پر ہی رہے۔ بالآخر تم کو نیند آنے لگے گی۔ گردن ایک طرف کو ڈھلک جائے گی اور ایک غیبی آواز کان میں آئے گی جو تمہارے اس سوال کا جواب دے گی جس کے لیے تم کر رہے ہو۔ کان میں آنے والی آواز کی تعداد مقرر نہیں ہے۔

اکیس تاریخ کو چاند کی مہینہ کی کوئی پابندی نہیں۔ اکتالیس نقش زعفران سے لکھ کر اکتالیس نقش اپنے دائیں بازو پر باندھو اور بقایا چالیس نقش احتیاط سے اپنے پاس رکھیں۔ جب نیا چاند دیکھیں تو صبح کو ایک نقش کپڑے میں لپیٹ کر زمین میں دفن کر دیں۔ دفن کرتے وقت زبان سے یہ کہیں۔

ہمزاد یہ نقش پہن کر حاضر ہو جا۔

اسی طرح چالیس دن متواتر کریں۔

... یہ ہے۔

٨	٦	٣	٢
٣	٣	٦	٨
٦	٨	٢	٣
٣	٢	٨	٦

اوم برھمنے اوم برھمنے

عاملین کیلئے خصوصی ھدایات

بُرے لوگوں کی صحبت سے پرہیز کریں۔

عورتوں سے علیحدہ رہیں۔

غذا کم کھائیں۔

پیاز، لہسن، سرخ مرچ، تیز مصالحے بالکل نہ کھائیں۔

ہمیشہ غسل کریں۔

عمل کرتے وقت دنیا سے بے نیاز رہے۔

رنج و غم میں مبتلا نہ ہو۔

رات کو کم سوئے۔

حصار کا نقشہ



طلسمات اربعہ



طلسم مفتاح

یہ طلسم اس چھری کے ساتھ لٹکائیں جو دروزہ پر لگی ہوئی ہو جس سے حصار کھولا ہوتا ہے۔



حصار هشتگانه

یہ حصار آپ نورانی اعمال ہمزاد میں کر سکتے ہیں۔ جس سے آپ انشاءاللہ بالکل محفوظ رہیں گے۔ حصار یہ ہے۔

آٹھ چھریاں لیں، ہر چھری پر آیت الکرسی پڑھ کر مطلوبہ جگہ پر گاڑ دیں اور بعد میں طلسمات اربعہ لٹکا دیں۔ یہ چاروں سمتوں میں لٹکائیں چلسمات اربعہ آگے درج کر دیں اور جو چھری

دروازہ حصار پر گاڑنی ہے اس کے ساتھ ایک مخصوص طلسم مفتاح لٹکائیں۔ اس طرح حصار کر کے بیٹھ جائیں اور عمل کریں۔ جب باہر نکلنا ہو تو آیت الکرسی کو خالدون تک اور دروازہ والی چھری سے مطلوبہ لکیریں سامنے والی کاٹ کر باہر نکل آئیں اور جب اندر داخل ہوں تو پھر آیت الکرسی پڑھ کر لکیریں اتنی جگہ سے دوبارہ درست کر لیں جہاں سے کاٹی تھیں۔ یہ حصار بارہ ہزار قسم کی مخلوقات سے حفاظت کرتا ہے۔

جلای جمالی نقشه

ماہ قمری	جلالی	محرم الحرام	جمادی الاول
ماہ قمری	جلالی	رمضان المبارک	ربیع الاول
ماہ قمری	جلالی	رجب المرجب	ذیقعدہ
ماہ قمری	جمالی	ربیع الثانی آخر	شعبان اعظم
ماہ قمری	جمالی	ذی الحجہ	صفر المظفر
ماہ قمری	جمالی	جمادی الثانی آخر	شوال المکرم

استخراج صفات

صفت جلال	ا	ل	م	ص	و	ن	ه	ع	ط	س	ح	ق	ک
صفت جمال	ب		ت		ر		ض		ص		ع		ذ
مشترک	ث		ج		خ		د		ق		ظ		ف

جلالی حروف:۔ ا س ل ط ا ن

جمالی حروف:۔ ب پ ------

مشترک حروف:۔ ---------

اسماء ذات

الله	الاحد	الواحد	الفد	الوتر
الصمد	القدوس	الحی	النور	الحق

اسمائے کمال

الرحمن	الملک		الرب	المهین	الخالق	السمیع

البصیر	الحکیم	القدس	الحکیم	الولی	القیوم	
المعتر	المؤخر	الاول	الاخر	الظاهر	الباطن	
الوالی	المتعالی	مالک الملک	المقسط	الجامع	الغنی	
المحیط	السلطان	المرید	المتکلم	الذی تهیں	کمثله	شئی

نقشه تاریخی قمری

صفت	تاریخ مہینہ قمری
جلالی	۱ ۲ ۳ ۴ ۵
جمالی	۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰
جلالی	۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۳
جمالی	۵۰ ۱۶ ۱۷ ۱۸
جلالی	۱۹ ۲۰ ۲۱
جمالی	۲۲ ۲۳ ۲۳
جلالی	۲۵ ۲۶
جمالی	۲۷ ۲۸
جلالی	۲۹
جمالی	۳۰

جمالی اسماء

الکبیر	المتعال	العزیز	العظیم	الجلیل	القهار
القاهر	المقتدر	الماجد	الوالی	الجبار	المتکبر
القابض	الخافض	المزوم	الرقیب	الواسع	الشهید العظیم
القوی	الممیت	المعید	المنتقم	المانع	الضار
الوارث	الصبور	ذوالبطش	العصیر	الودود	المطلوب

ذوالجلال	والاکرام	المجید	الفدی	لم یکن له کفوا	احد

ذوالطول الشدید القاهر القهور شدیدالعقاب

جلالی همزاد

جلالی ہمزاد میں بڑائی ہے اور اس کا درجہ بھی بلند تر ہے۔ مگر مخلوق جلالی صفت سے گھبراتی ہے۔ اگر عامل کی صفت جلالی ہے تو وہ جلالی عمل کرے گا۔ اس خاصیت میں نقصان کا خطرہ ہوتا ہے۔

جمالی ہمزاد:۔ یہ مخلوق کیلئے اچھا ہے کیونکہ جمالی کی نرمی سے مخلوق متاثر ہوتی ہے۔ اگر عامل کی طبیعت جمالی ہے تو جمالی عمل کرے گا۔

جمالی اسماء

العلیم	الرحیم	السلام	المومن	الباری	المصور	الغفار
الوهاب	الرزاق	الفتاح	الباسط	الرافع	اللطیف	الخبیر
المعز	الحفیظ	المقیت	المجیب	الجمیل	الحلیم	الکریم
الوکیل	الحمید	المبدی	الحی	الواجد	القائم	الباقی
البر	المنعم	العفو	الغفور	الرؤف	المغنی	المعطی
النافع	الهادی	البدیع	الرشید	المجید	القریب	المجیب
الطفیل	الحنان	المنان	الکامن	لم یلد ولم یولد	الکافی	الجواد
ذوالطول	الشافی	المعافی	سلام قولا من رب الرحی	مبین	یٰسین	نعیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عمل تسخیر جنات

سورہ مزمل شریف کا حیرت انگیز عمل

ترکیب:

اس عمل کو ایک ماہ میں 20 روز تک اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف
چالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھیں۔ مکان بالکل تنہا ہو۔ خوشبو لگائیں۔ کپڑ
بالکل پاک صاف ہوں۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔ وقت ایک مقررہ ہو۔ آخر
اشخاص حاضر ہوں گے اور جھک کر سلام کریں گے آپ نہایت خوش مزاجی سے
کر میں آپ سے دوستی رکھنا چاہتا ہوں جب کام پڑے گا آپ کو طلب کرلیا کروں
ان کی شکل خوفناک ہوگی ان سے ڈرنا بالکل نہیں چاہیے۔ ورنہ ڈر گئے تو جان
پڑے گا۔

لباس ان کا سیاہ ہوگا۔ دوران عمل میں ڈراتے دھمکاتے رہیں گے اگر
ڈر گیا تو پھر جان کی خیر نہیں ہوگی۔ اگر نہ ڈرا تو تابع ہوجائیں گے۔ جو حکم دے
تعمیل کریں گے۔

شہنشاہ جنات کا حاضر ہونا

جب شہنشاہ جناب کو حاضر کرنا مقصود ہو تو غسل کر کے پاک لباس
وغیرہ لگا کر کسی تنہائی میں جو جنگل کے قریب واقع ہو جا کر علیحدہ بیٹھ کر 160 مرتبہ
مزمل شریف اور سات مرتبہ سورہ جن شریف پڑھے۔ اول آخر درود شریف گیارہ

مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔ اسی طرح چالیس دن تک عمل کریں۔ آخری دن شہنشاہ
جناب معہ اپنے لشکر کے حاضر ہوجائیں گے۔ پہلے ڈرائیں گے اگر عامل ڈر گیا تو مار
ڈالیں گے۔ اگر نہ ڈرا تو تابع ہوجائیں گے۔ جب بلانا مقصود ہو پھر ایک مرتبہ سورہ جن
پڑھ کر بلا لیا کریں۔ آپ کا ہر حکم بجالائیں گے۔ استقامت قلب سے کام لینا چاہیے۔
عامل مضبوط دل ہونا چاہیے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ جس کے ہم کوئی ذمہ دار نہ
ہوں گے۔

عمل تسخیر جنات

یہ عمل نوے 90 دن کا ہے۔ پرہیز میوہ جات ہر ایک قسم کے کھا سکتے ہیں۔ مگر
غذا میں ایک قسم کا اناج اور ایک قسم کی ترکاری یا دال کھانا ہوگی۔ اگر غذا تبدیل کرو
گے۔ تو عمل میں ہرگز اثر نہ ہوگا۔ عامل کو دوران عمل میں نماز کی پابندی کرنی ہوگی۔
جھوٹ بولنا اور مال حرام سے پرہیز کرنا ہوگا۔ یعنی عامل کی زندگی موافق شرع ہو پڑھنے
کی ترکیب یہ ہے کہ اول ایک کمرہ تنہا مقرر کرے جو صاف ستھرا ہو اس میں سفید چادر کا
فرش بچھائے۔ کمرہ کے کواڑ بند کردے رات کے نو بجے ایک چراغ میں سرسوں یا السی کا
تیل ڈال کر خوب موٹی سی بتی اس میں ڈال کر چراغ کو جنوب کی طرف رکھو۔ بتی کا منہ
شمال کی طرف ہو اب تم اپنے کپڑے اتار دو اور صرف ایک کپڑا جو بغیر سلا ہوا ہو آدھا
باندھو اور آدھا اوڑھ لو۔ (احرام کی طرح) شمال کو منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ۔ یعنی چراغ
تمہاری پیٹھ کے پیچھے ہو۔ اپنے سایہ کو دیکھو کہ چادر پر پڑ رہا ہے۔ اگر کوئی حصہ دیوار پر
ہوگا (تو عمل اثر نہ کرے گا) اب اپنی رگ گردن پر نظر جماؤ اور تین سو تین 303 مرتبہ
عمل پڑھو۔ وھو علی کل شیء قدیر۔ جب تین سو تین مرتبہ پڑھ چکو تو فوراً بے
پلکوں کے گرائے چھت پر نظر کرو اور تین منٹ تک چھت کی طرف ٹکٹکی باندھے دیکھتے

رہو۔ بعد تین منٹ کے نظر نیچی کرو اور پھر تین سو تین مرتبہ یہ عمل پڑھو پھر تین سو [illegible]
چھت کو دیکھو پھر نظر گرا کر تین سو تین مرتبہ یہ عمل پڑھو پھر چھت پر نظر کرو اور [illegible]
مرتبہ پانچ منٹ تک دیکھتے رہو۔ بس عمل ختم ہوا کل پڑھائی تو سو تو مرتبہ 909 [illegible]
اسی طرح روزانہ کیا کرو۔ خدا چاہے تو 90 دن کے اندر ہمزاد یا جن مسخر ہو جائے گا۔ [illegible]

عمل حاضرات

بازاروں میں کھڑے ہو کر تماشہ دکھانے والے شعبدہ باز ہیں۔ جن [illegible]
توانا کی معزز مخلوق ہے وہ ایسی ذلیل ہستیاں نہیں کہ ہر کس و ناکس جب جی چاہے
پکڑ کر بلا لے اور پھر جنوں کا بادشاہ یہ سب شعبدہ بازی ہوتی ہے۔ جس کی حقیقت
نہیں ہاں خدائے برتر نے اپنے پاک مقدس کلام میں شمس و قمر۔ جن و ملک [illegible]
چرند و پرند غرض کہ تمام مخلوق کو موثر کرنے کی قوت عطا فرمائی ہے۔ مگر اس [illegible]
عملیات بچوں کا کھیل نہیں کہ دو چار دن کسی نے کوئی عمل پڑھا اور جن تابع [illegible]
اگر یہ آسان عمل ہوتے تو دنیا میں کوئی شخص نہ ہوتا جس کے جن تابع نہ ہوتے۔ [illegible]
اولیاء اللہ اور بزرگوں کے ہیں۔ میں ایک عمل تحریر کرتا ہوں۔ مگر یہ دعویٰ نہیں [illegible]
سے جن تابع ہو جائیں گے۔ یا زمین و آسمان پلٹ جائیں گے۔ اگر فضل ایزدی [illegible]
حال ہوا اور آپ نے عمل کو قاعدہ کے مطابق ختم کیا تو اس قدر اثر ہوگا کہ جس [illegible]
جواب آپ طلب کریں گے مل جایا کرے گا۔ خدا کی دین ہے کہ وہ اس سے [illegible]
اثر دے مگر اسی قدر اثر بیان کروں گا۔ ترکیب یہ ہے کہ سورہ شریف [illegible]
سے فاصلہ پر تک چالیس دن تک ہزار بار روزانہ پڑھو۔ چلہ میں گوشت [illegible]
پکا نہ کھاؤ۔ دودھ۔ گھی۔ دہی اور سب چیزیں جو حلال ہیں کھاؤ۔ پڑھنے کی [illegible]
تنہا ہو۔ رات کے 12 بجے پڑھا کرو۔ صبح کی نماز تک اس کا وقت ہے۔

عامل باوضو اور روبقبلہ ہو۔ صبح کی نماز قضا نہ کرو اور ہر نماز کے پابند رہو۔ پس
[illegible] ختم ہوئی۔ اب اس کے عامل ہو جب کوئی سوال کرنا ہو تو ایک کاغذ پر اپنا سوال تحریر
[illegible] کرو۔ اپنے سرہانے اسے رکھ لو۔ خود سونے کے واسطے باوضو لیٹو اور سو مرتبہ اس آیت کو
[illegible] کر سو جاؤ۔ یا خواب میں مفصل جواب ملے گا یا کاغذ پر جواب لکھ کر ملے گا۔

عمل حاضرات

حاضرات کے اثرات اکثر طریق عاملین نے بیان کیے ہیں مگر ایک منطقیانہ
[illegible] فلسفیانہ بحث حاضرات میں پیدا ہوتی ہے اور وہ یہ کہ خالق کائنات نے بعض ہستیاں
[illegible] واحد سے پیدا کی ہیں۔ جیسے فرشتے نور سے اور اجنہ آتش سے اگر وہ اربعہ عناصر
[illegible] ہوتے تو اجسام کی طرح نگاہوں سے پوشیدہ نہیں رہ سکتے تھے۔ لہٰذا جب ان کی
[illegible] ہی اس واحد عنصر سے ہوئی ہے جو کہ پوشیدہ رہے تو پھر عمل کی طاقت سے ان کی
[illegible] کس طرح تبدیل ہو سکتی ہے۔ اگر یہ ممکن ہے تو پھر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ عمل کی
[illegible] سے انسان بھی جن یا فرشتہ جیسا بن سکتا ہے۔ مگر ایسا نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اس کے
[illegible] میں ہم اسی قدر کہہ سکتے ہیں کہ خالق ذوالجلال نے فرشتوں اور جنوں کو فطرتاً
[illegible] عطا فرمائی ہے کہ جب وہ چاہیں انسانی شکل میں منتقل ہو جائیں۔ حضرت جبرئیل
[illegible] کئی مرتبہ انسانی شکل اور منتقل ہو کر حضور صلعم کے پاس آئے ہیں۔ بہر حال
[illegible] نے ایسا عمل ضرور تحریر کیے ہیں جن میں ایک غیر مرئی جسم کا مرئی ہو کر ظاہر ہونا
[illegible] گیا ہے۔ مجملہ ازاں ایک بزرگ کا مجرب حاضرات تحریر کرتا ہوں۔ عروج ماہ
[illegible] شروع کرو۔ پڑھنے کے وقت لباس احرامی یعنی ایک چادر باندھے ہوئے اور
[illegible] ہوئے سر پر چادر نہ ڈالو۔ پرہیز جلالی یعنی ہر قسم کا گوشت اور گوشت سے
[illegible] نہ کھاؤ عمل تنہائی میں پڑھو۔ بخور بھی جلایا کرو۔ منہ قبلہ کی طرف ہو پہلے

دس دن میں روزانہ پانچ ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف۔ دوسرے دس دن میں روزانہ
چار ہزار مرتبہ۔ تیسرے دن میں روزانہ تین ہزار مرتبہ چوتھے دس یوم میں روزانہ
پانچ سو مرتبہ۔ بس سوا لاکھ کی تعداد کامل ہوئی۔

روزانہ اول و آخر 11-11 بار درود شریف اس درمیان میں موکل
ہوگا۔ مگر بات بالکل نہ کریں۔ نہ کسی کا خوف کریں۔ چالیسویں دن موکل سے
اس قدر کہو کہ میں تم کو بلاؤں حاضر ہوا کرو۔ بعد زکوٰۃ روزانہ سو مرتبہ بسم اللہ
پڑھ لیا کروں۔ اس طرح عمل ہمیشہ قابو میں رہے گا۔ جب موکل کو بلانا ہو تو
گیارہ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر کہو گے کہ موکل حاضر ہو وہ فورا حاضر ہوگا۔
خیال غلط ہے کہ موکل روپیہ مفت لا کر دے گا۔ ہاں ہوشیار آدمی بہت سے کام
لے سکتا ہے۔ دوران عمل میں اگر موکل آ کر سلام علیک کرے تو دل میں
دے لو اور کسی قسم کی بات اس سے نہ کرو۔

اگر چہ زکوٰۃ سے قبل گفتگو کرو گے تو عمل جاتا رہے گا۔ اسی کھانے
وقت، مقام سب امور کی پابندی کرو۔

عمل ہمزاد

ہمزاد کے مسخر کرنے کے شائق اکثر احباب نظر آتے ہیں اور بعض
ایسے بھی ہیں جنہوں نے سخت سے سخت محنت کی لیکن ناکام رہے اس کی وجہ
کے کچھ نہیں کہ قدرت جس شخص میں یہ مادہ نہیں پاتی اس کے حق میں تاثیر
ہے۔ جس شخص کا اپنا دل و دماغ قابو میں نہ ہو اور وہ اندک تغیر خاطر پر دو
پہنچانے کا عزم رکھتا ہو ایسے شخص کو زمام اختیار سونپ دینا قانون عدل کے
ہم اوچھی طبیعت کے انسان ہیں برداشت کی طاقت نہیں۔ میں اکثر مرتبہ

آشکار کر چکا ہوں کہ میں ہمزاد کا عامل نہیں ہوں۔ لیکن اپنے ایک بزرگ کا مجرب عمل
بیان درج کرتا ہوں جن کے قبضہ میں ہمزاد تھا۔ ترکیب یہ ہے کہ چاند دیکھنے پر جب
پہلا دن (دوشنبہ۔ سوموار) آئے تو روزہ رکھے اور دریا پر جا کر دریا میں غسل کرے اور
کنارے پر بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ اللہ الصمد پڑھے (اول آخر 5-5 مرتبہ درود
شریف) جب سات ہزار مرتبہ پڑھ چکے تو وہیں بیٹھے ہوئے اس نقش کو لکھ کر یوں ہی کھلا
ہوا دریا میں چھوڑ دے اور چلا آئے۔ اسی طرح پانچ دن برابر کرے روزہ روزانہ رکھنا
ہوگا۔ غسل روزانہ کرنا ہوگا۔ اسی درمیان میں ایک شخص سے ملاقات ہوگی۔ جو دریافت
کرے گا کہ تم یہ عمل کیوں کرتے ہو۔ عامل اپنا مقصد بتا دے بحکم خدا وہ مقصد حاصل
ہوگا۔ اپنے ساتھ نقش لکھنے کے لیے کاغذ کا ٹکڑا اور قلم دوات لے جائے۔
اور عمل پڑھتے وقت بخور بھی کیا کریں (بخور اور آگ کا سامان پہلے کر لیا
کریں) لیکن مقصد جائز ہو اور خلاف استحقاق اور حیثیت بھی نہ ہو مثلا ایک شخص یہ
مقصد نہیں بتا سکتا کہ میں ہندوستان کا بادشاہ بن جاؤں۔ ملاقات کرنے والا شخص خواہ
ہمزاد ہے یا کوئی جن ہے یا ملائکہ ہے یا کوئی بزرگ ہے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایک عمل
ایک مقصد کے واسطے کام دیتا ہے۔ کوئی وقت خاص معین نہیں۔ صبح سے شام تک کوئی
وقت معین کر لے۔ یعنی حالت روزہ میں عمل پڑھے۔ بس جس قدر وقت روزہ کا ہے اتنا
ہی وقت اس عمل کا ہے۔ کسی طرح کا پرہیز نہیں شریعت کا حلال حلال ہے اور حرام حرام
ہے۔

تاہم اگر پانچ دن صرف گوشت نہ کھائیں تو عمل میں بہت طاقت پیدا ہو جاتی
ہے۔ مگر یہ اپنی رائے پر ہے کھانا جائز ہے اور کھانا بہتر ہے۔

مجربات روحانی

جس عورت کو اولاد نہ ہو تو جب ایام ماہواری سے عورت نجات پا کر
طہارت کرے اور غسل کا پہلا جمعہ آئے (اگر جمعہ کے دن ہی غسل کیا ہے تو وہی
جمعہ قرار پائے گا۔) تو اس نقش کو زعفران سے پر کر کے اور پانی میں دھو کر دونوں میاں بیوی آدھا آدھا پی لیں۔ .... اور کریں۔ اسی طرح تین جمعہ متواتر کریں خدا چاہے تو اولاد ہوگی۔ نقش معظم یہ ہے۔

یٰاَیُّھَا	الَّذِیْنَ	[illegible]
الصّٰبِرُوْ	وَصَابِرُوْا	[illegible]
وَاتَّقُوْا اللّٰہ	لَعَلَّکُمْ	[illegible]

دیگر

ذیل کا نقش معظم سورہ الاخلاص کا ہے اور نہایت عظیم الشان ہے اس نقش معظم
سفید کاغذ پر خوشخط لکھ کر اپنے بازو پر باندھو اور روزانہ بعد نماز صبح اس کو کھول کر تقریباً
منٹ تک نہایت اعتقاد سے دیکھا کرو غیب سے تمہاری جو پریشانی ہے دور ہوگی۔
پریشانی قرض سے ہو۔ یا کسی مقدمہ سے ہو۔ یا بے روزگاری یا بے اولادی سے ہو۔
نقش معظم یہ ہے:۔

۷۸۶

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ	اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ
لَمْ یَلِدْ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	وَلَمْ یُوْلَدْ
اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ	اللّٰہُ
الصَّمَدُ	کُفُوًا اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ

دیگر

یہ نقش معظم تمام قرآن پاک ہے۔ باوضو بعد نماز جمعہ زعفران سے پر کر کے
اور عطر میں معطر کر کے بعد ازاں چاندی میں ملفوف کر کے اپنے

۷۸۶

۹۱۰۱۳۸۹	۹۱۰۱۴۰۲	۹۱۰۱۳۹۹	۹۱۰۱۳۹۶
۹۱۰۱۴۰۰	۹۱۰۱۳۹۵	۹۱۰۱۳۹۰	۹۱۰۱۴۰۱
۹۱۰۱۳۹۴	۹۱۰۱۳۹۷	۹۱۰۱۴۰۴	۹۱۰۱۳۹۱
۹۱۰۱۴۰۳	۹۱۰۱۳۹۲	۹۱۰۱۳۹۳	۹۱۰۱۳۹۸

بچوں کے گلے میں ڈالیں۔ بحکم خدا آسیب سے۔ نظر سے۔ چیچک سے اور
تمام بلیات سے محفوظ رہیں گے۔ نہایت پرتاثیر نقش ہے۔

دیگر

جن بچوں کا ذہن کند ہو یا تعلیم سے جی چراتے ہوں تو چینی کی طشتری پر
زعفران سے سورہ شریف الم نشرح معہ تسمیہ لکھ کر اور دودھ شیریں دھو کر صبح نہار منہ
پلایا کریں۔ بحکم خدا ایک ہفتہ میں ذہن روشن ہوگا اور تعلیم میں دل لگائے گا۔

اطلاع دفینہ خزانہ

اگر کسی مقام پر کوئی دفینہ یا خزانہ ہو مگر یہ معلوم نہ ہو کہ کس جگہ پر ہے تو یہ عمل
بصدق دل و سچے اعتقاد سے کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معلوم ہو جائے گا۔
قل اللّٰھم مالک الملک تا بغیر حساب ان آیتوں کو تانبے کے برتن پر مشک و
زعفران سے لکھے پھر آب ہلیلہ زرد و آب طوبہ و آب میوہ سبز سے اس کو دھو کر سیاہ مرغی کا

چہ یا سیاہ بلا کا پتہ لے کر اس پانی میں شامل کرے بعدہ 5 مثقال سرمہ اصفہانی لے
اس پانی میں ملا کر خوب پیس لے یہاں تک کہ سرمہ بن جائے۔ البتہ پیستے وقت
خیال رکھے کہ اس پر دھوپ نہ آنے پائے اس سرمہ کو کانچ کی شیشی میں رکھ لے
آنکھوں کی سلائی سے اس کا استعمال کرے۔ اول مرتبہ جمعرات کے دن روزہ رکھے
نصف شب کو اٹھ کر باوضو 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور سرمہ کو آنکھوں میں لگائے
پہلے داہنی آنکھ میں تین سلائی لگائے اسی طرح سات جمعرات یہ عمل کرے۔ انشاء
کچھ اشخاص روحانیہ نظر آئیں گے۔ ان سے جو کچھ دریافت کیا جائے گا بتلائیں گے

جنوں کی انگوٹھی بنانا

آپ نے بعض بازاری عاملوں کے پاس ایک انگوٹھی دیکھی ہوگی جس کو
بچے کو دکھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خاکروب آیا جھاڑو دے دی۔ اب سقہ آیا
چھڑکا۔ اب تخت پر آیا۔ اب جنوں کے بادشاہ آئے۔ بچے ہر بات کو تسلیم کرتا جا
اور عوام اسے عامل سمجھتے ہیں۔ یہ سب فریب اور دھوکہ ہے۔ جن خدا کی مخلوق
ہے۔ وہ ان بازاری لوگوں کے مطیع نہیں ہو سکتی۔ میں اس انگوٹھی کے بنانے کی ترکیب
لکھے دیتا ہوں آپ خود بنائیے اور اس میں سب دیکھ لیجئے۔ اشتہار باز اصحاب اس
کافی روپیہ کما رہے ہیں۔

چاندی' سونا' تانبا' پیتل ان چار دھاتوں کو ملا کر ایک انگوٹھی بنوائیے مگر
جگہ ذرا کشادہ ہو۔ اب سنگ مقناطیس ایک ماشہ لے کر باریک پیس لو۔ سنگ مرجان
اور 6 رتی کا جل (سرمہ) خالص اس میں ملا دو جب ہر سہ اشیاء اک جان ہو جائیں
نگینہ کی جگہ اس مصالحہ کو بھر دو اور اس کی سطح کو خوب چکنا کر دو۔ مصالحہ بھرنے
کرنے میں آگ پر سینک سکتے ہو۔ بس انگوٹھی تیار ہے۔ بوقت ضرورت کوئی

اس کی سطح پر ڈال کر بچہ کو دکھاؤ تو جو کہتے جاؤ گے۔ بچہ کو وہی نظر آتا جائے گا۔ مگر بچہ
سال سے زیادہ نہ ہو۔ اس تمام عمل میں لوہے سے کسی جگہ کام نہ لو۔ اگر لوہا
انگوٹھی کام نہ دے گی۔ لڑکی اور لڑکا سب انگوٹھی میں دیکھ سکتے ہیں۔
اشتہار باز تیار کر کے اچھی قیمت پر فروخت کرتے ہیں۔

ایک مجرب عمل

حدیث صحیح میں آیا ہے کہ ایک بزرگ شخص جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ
کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے ایسا عمل تعلیم فرمایئے کہ
کی برکت سے میرے جمیع مطالب دینی و دنیوی پورے ہوں اور کوئی مقصد ایسا نہ
جس کی میرے دل میں فکر ہو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ نے سورہ شریف اذا زلزلت
زلزالہا تا آخر پڑھائی اور فرمایا کہ اس سورت مقدس کو پڑھا کرو۔ تمہاری
دنیا کی حاجتیں پوری ہوں گی۔ اس شخص نے عرض کیا کہ قسم ہے اس ذات پاک کی
جس نے آپ کو حق پر مبعوث فرمایا۔ اس میں کمی اور زیادتی نہ کروں گا۔ پس آپ کا
سورہ عمل میرے واسطے کافی ہے۔ یہ کہہ کر وہ شخص چلا گیا۔ جب صحابہ کے نظروں سے
غائب ہو گیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ افلح عدو الرجل اور دو مرتبہ یہی
فرمایا یعنی تاکید فرمائی۔ اس کی قرأت کی۔ فلاح پائی یعنی مراد پائی۔ اور سنداً صحیح ہے
اس کی ترکیب بھی حدیث پاک میں موجود ہے۔

فرمایا حضور سرور کائنات نے کہ بعد نماز مغرب دو رکعت نماز نفل پڑھو اور ہر
رکعت میں بعد الحمد شریف کے پندرہ پندرہ مرتبہ یہ سورۃ پاک پڑھو۔ اللہ تعالیٰ دینی
حاجات پوری کرے گا۔ اصل ترکیب بعد نماز مغرب ہی ہے۔ کیونکہ حضور علیہ
السلام کا ارشاد مبارک اس طرح ہے لیکن اگر کسی وجہ سے کسی دن عامل بعد نماز مغرب نہ

پڑھ سکے تو اور وقت کی نماز کے بعد پڑھ سکتا ہے۔ مگر ناغہ نہ کریں۔ کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں ہے۔ چالیس دن کامل اس عمل پر عمل کریں۔ خدا چاہے تو اس کا نفع خاص طریق پر پائیں گے۔ یہ میرا عمل اور میری ترکیب نہیں ہے جس میں شک اور شبہ کی گنجائش ہو۔ بلکہ سرور کائنات علیہ السلام والصلوۃ کا ارشاد فرمودہ عمل ہے۔ جس میں کسی طرح کا شک و شبہ کرنا ضعف ایمان کی دلیل ہے۔ اس عمل کو پڑھو اور خدا سے امید رکھو کہ وہ تمہارے ہر مقصد کو اور خصوصاً اس مقصد کو جو اس وقت وجہ تشویش ہے پورا کرے گا اور اس عمل کی برکت سے تم یقیناً دامن مراد کو گوہر مقصود سے پر کرو گے۔

وما توفیقی الا باللہ

ایک حیرت انگیز عمل

حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو ہدایت کی کہ میں تم کو ایک کلمہ بتاتا ہوں۔ جو تمام مخلوق کی عبادت ہے اور اسی کلمہ کی برکت سے تمام مخلوق کو رزق ملتا ہے۔ پھر وہ کلمہ اپنے بیٹے کو تعلیم کیا اور انہوں نے اس پر مداومت کی۔ دوسری حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کلمہ کو پسند فرما کر انتخاب کیا ہے اور تمام فرشتے یہی کلمہ پڑھتے ہیں اور یہی ان کی عبادت ہے اور اسی کلمہ کے سبب مقبول بارگاہ ہیں۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ اس کلمہ کو کہتا ہے تو دس نیکیاں نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں اور جو دس مرتبہ کہتا ہے تو سو نیکیاں نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں اور جو سو بار کہتا ہے تو ہزاروں نیکیاں ملتی ہیں۔ لیکن ابو داؤد کی [illegible] اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو سو مرتبہ اس عمل کو کہتا ہے تو اس کے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ اگرچہ دریا کے ریت کے برابر ہوں۔ لیکن ان میں تمام فضیلتوں کے با[illegible] خو خاص فضیلت حدیث پاک میں آئی ہے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے بہت عجیب ہے یعنی اس کلمہ کی برکت سے مخلوق کو رزق ملتا ہے یہ کلمہ شان رزاقیت کا مظہر ہے۔ تو جن[illegible]

ورد کر اس پر مداومت کرنے والا کبھی محتاج نہیں ہوتا اور یہی مقصود ہے میرا جو میں نے اس پاک کلمہ کو بعد پاک سے انتخاب کیا۔ حدیث پاک میں ایک مرتبہ سے لے کر سو کی تعداد آئی ہے۔ لیکن ترمذی شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ جو زیادہ پڑھتا ہے تو اللہ زیادہ اجر دیتا ہے۔ اس بیٹے نے سو کی تعداد کو مختصر ہونے سے روک دیا۔

